امتحان کی وجہ سے روزہ چھوڑنا

کیافرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین کہ کیا امتحانات کی وجہ سے رمضان کا فرض روزہ چھوڑ سکتے ہیں؟

الجواب بعون الملك الوهاب،اللهم هدايةالحق و الصواب

امتحانات کی وجہ سے رمضان کا فرض روزہ نہیں چھوڑ سکتے ۔مگر کوئی اس غلط فہمی میں بھی نہ رہے کہ اسلام نے اپنے ماننے والوں کو آسانیاں نہیں دیں بلکہ خود اللہ تبارک و تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا

ترجمہ: اللہ تعالی کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اس کی طاقت بھر (البقرہ 286)

یہی وجہ ہے کہ دینِ اسلام میں کسی عذر کی وجہ سے روزہ چھوڑنے کی اجازت دی گئی ہے جیسے کوئی شخص سفر میں ہو یا بیمار ہو تو شریعت خود انہیں اجازت دیتی ہے کہ یہ فی الوقت روزہ نہ رکھیں لیکن جب سفر سے واپس آجائیں اور بیماری سے تندرست ہو جائیں تو پھر اس روزے کی قضا کر لیں ،چنانچہ اللہ تعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے

وَ مَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَ لَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

ترجمہ:اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں رکھے۔ اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا۔ (البقرہ 185)

اسی طرح حاملہ اور دودھ پلانے والی عورت کو بھی شریعت نے اجازت دی ہے جبکہ انہیں اپنی یا بچے کی جان کا خطرہ ہو کہ وہ فی الوقت روزہ نہ رکھیں لیکن جب قادر ہو جائیں تو اس وقت روزہ رکھ لیں لیکن اس کے باوجود فقط امتحان کی وجہ سے رمضان کا فرض روزہ چھوڑنا اس کی شریعتِ محمدیہ میں اجازت نہیں ہے

چنانچہ مسند امام احمد کی حدیثِ مبارکہ ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا فِي رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ مَرَضٍ، وَلَا رُخْصَةٍ، لَمْ يَقْضِ عَنْهُ صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهِ، وَإِنْ صَامَهُ

ترجمہ: جو کوئی شخص رمضان کا ایک دن کا روزہ بغیر بیماری کے اور بغیر کسی عذر شرعی کے چھوڑے گا تو اس کے بعد پورے زمانے بھر کا روزہ رکھنا بھی اس کی مثل نہیں ہو سکتا

(مسند امام احمد رقم الحدیث 10081)

بلکہ اللہ جل مجدہ نے جہاں پر جن لوگوں کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت عطا فرمائی اس کے بعد یہ بھی ارشاد فرمایا

وَ اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

ترجمہ: اور اگر تم جانو تو روزہ رکھنا تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے۔

(البقرہ 184)

لہٰذا اگر کسی کے امتحانات رمضان المبارک میں ہوں تو اس وجہ سے روزہ چھوڑنے کی ہرگز ہرگز اجازت نہیں، اور نہ ہی اسے چھوڑنا چاہیے بلکہ وہ روزہ رکھے، ممکن ہے روزے کی برکت سے کامیابی نصیب ہو، چنانچہ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے

وَ عَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَ عَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

ترجمہ: اور قریب ہے کہ کوئی بات تمہیں ناپسند ہو حالانکہ وہ تمہارے حق میں بہتر ہو اور قریب ہے کہ کوئی بات تمہیں پسند آئے حالانکہ وہ تمہارے حق میں بری ہو اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

(البقرہ 216)

ھذا ما سنح لی، واللہ اعلم بالصواب

المفتقر الی رحمۃ اللہ التوّاب

الجواب صحیح

ابو اطہر مفتی محمد اظہر المدنی

ابو حنظلہ خالد تسنیم المدنی

(غفر اللہ الغني ذنبه الخفي و الجلي)

18/05/2018

Leaving the fasts of Ramadan due to Exams

What do the scholars of the Din and Muftis of Islam say about leaving the fasts of Ramadan due to exams

الجواب بعون الملك الوهاب،اللهم هدايةالحق و الصواب

The compulsory fasts of Ramadan cannot be missed due to exams. Furthermore, it would be incorrect to infer from this that Islam does not facilitate and provided ease for its followers. Allah Almighty Himself has ,stated in the Quran

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا

Translation: Allah does not charge a soul except [with that within] its capacity. [Surah Al-Baqarah, Verse 286]

It is for this reason we find that Islam has permitted the leaving of obligatory fasts in numerous circumstances. For example, Islam allows for a traveller (of 57.5 miles or more) and an ill person to not fast whilst they are in this state, and instead, they may fast afterwards upon completion of the journey and recovering from their illness. In relation to this, Allah Almighty has stated in the Quran,

وَ مَنۡ كَانَ مَرِيۡضًا اَوۡ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنۡ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيۡدُ اللّٰهُ بِكُمُ الۡيُسۡرَ وَ لَا يُرِيۡدُ بِكُمُ الۡعُسۡرَ

Translation: And whomsoever is ill or on a journey, then they are to fast the same number in other days. Allah intends ease for you, and not hardship. [Surah Al-Baqarah, Verse 185]

Likewise, pregnant women and those who are breastfeeding are also permitted to miss the fasts of Ramadhan. This is conditional upon them fearing the loss of their life or the child's life. Once they have the ability to do so, the missed fasts are to be kept.

As for leaving an obligatory fast of Ramadhan solely due to exams, this is not permitted. It is stated in a Hadith,

مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا فِي رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ مَرَضٍ، وَلَا رُخْصَةٍ، لَمْ يَقْضِ عَنْهُ صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهِ، وَإِنْ صَامَهُ

Translation: A full lifetime of fasts cannot make up for missing one fast of Ramadhan without an illness or valid reason.

[Musnad of Imam Ahmad, Hadith no. 10081]

Even those who are permitted to not fast have then been addressed by Allah Almighty in the verse,

وَ اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

Translation: And to fast is better for you, if only you know.

[Surah Al-Baqarah, Verse 184]

It is therefore by no means permissible for someone to leave a fast of Ramadhan due to exams. Instead, a fast should be kept, for it is possible that success is attained due to the blessings of the fast. Allah Almighty has stated,

وَ عَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَ عَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

Translation: And it could be that you dislike something whereas it is better for you; and it could be that you love something whereas it is bad for you. And Allah knows, and you do not know.

[Surah Al-Baqarah, Verse 216]

And Allah knows best.

هـذاما سنح لى،والله اعلم بالصواب

المفتقـــــر الى رحمة الله التـوّاب

Answered by: ***Abu Hanzalah Khalid Tasneem Al-Madani*** (غـــفـــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)

Verified by: ***Mufti Abu Athar Muhammad Azhar Al-Madani***

Translated by: ***Atta-Ul-Haq***

19/05/2018